12/02/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت اور آتم نر بھر جموں کشمیر پالیسی کو موثر طریقے پر عملایا جا رہا ہے ۔ شیر Agriculture First یقینی بنانے کے لئے کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی جموں میں ایگریکلچر سمٹ اور کسان میلے کا افتتاح کرنے کے بعد لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ زرعی شعبے کو دیگر کلیدی سیکٹروں کی طرح قومی ترقی اور بنی نوع انسان کی بقاءمیں کلیدی اہمیت حاصل ہے ۔ انہوں نے کہا کہ مختلف چیلنجوں کے با وجود زرعی شعبہ ترقی کی ضمانت بنتا رہے گا ۔ ایل جی نے مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی سیکٹر کی ترقی کے مختلف پہلوو

ں کو بھی اجا گر کیا ۔ۓ

وزیر اعلیٰ

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس جموں میں خوش اسلوبی سے جاری ہے ۔ کل بھی متعدد ارکان اسمبلی نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل کو اجا گر کر کے متعلقہ وزیروں سے جواب طلب کئے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وقفہ سوالات کے دوران کئی ضمنات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جموں کشمیر میں صحیح اراضی ریکارڈ کی Digitisation کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے نے یقین دلایا کہ کسی بھی غلط ریکارڈ کو Digitise نہیں کیا جا ئے گا ۔

چیف سیکریٹری

جموں و کشمیر میں پبلک ٹرانسپورٹ کو مضبوط اور بہتر بنانے کے لیے وزیر اعظم ای بس سیو ا کے تحت 2 سوالیکٹرک بسیں خریدی جا رہی ہیں۔اس دوران ای بسوں کے لئے درکار بنیادی ڈھانچے کو تیار کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں چیف سکریٹری، اٹل ڈلو نے یوٹی میں

سکیم کے نفاذ کا جائزہ لینے کی غرض سے یوٹی سطح کی اسٹیئرنگ کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

منعقدہ میٹنگ میناب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے، چیف سکریٹری نے ای بسوں کو بغیر رکاوٹ آپریشنلائزیشن کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بارہمولہ

ضلع بارہمولہ میں زرعی شعبے کو مضبوط کرنے کی غرض سے پردھان منتری دھن دھنیا کرشی یوجنا کے تحت37کروڑ11لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں ۔ا س سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بارہمولہ، منگا شیرپا نے ضلع سطح کی کمیٹی کے میٹنگ کی صدارت کی۔ یوجنا کے رہنما خطوط کے مطابق فصلوں کی پیداوار بڑھانے، آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور کسانوں کو براہ راست مدد فراہم کرنے کے لیے فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔

انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ اس پر موثر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ سکیم کے فوائد نچلی سطح تک بالخصوص چھوٹے اور پسماندہ کاشتکاروں تک پہنچیں اور اس سے ضلع کی دیہی معیشت مضبوط ہو سکے۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل، جتن کشور نے مشن یووا کے تحت ضلع سطحی عمل درآمد کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی جس میں سمال بزنس ڈیولپمنٹ یونٹس کیلئے بھیجے گئے درخواست دہندگان کے معاملات کا جائزہ لیاگیا،اس موقعے پر ضلع میں نوجوانوں کی صنعت کاری اور پائیدار معاش کو فروغ دینے کے لیے 108نئے کیسز کی منظوری دی گئی۔

پوسٹ ماسٹر

مورتھی نے کل ٹنگمرگ میں برانچ پوسٹ DSVR چیف پوسٹ ماسٹر جنرل جموں کشمیر سرکل ماسٹرس کے ساتھ بات چیت کی ۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے متعلقہ افسروں پر زور دیاکہ وہ ڈاک سیوا -جن سیوا فلسفے کو اپنا خاصا بنا کر لوگوں تک معیاری ڈاک سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں ۔ ان کے ہمراہ سینئرسپر انٹیڈنٹ آف پوسٹ آفسز آدم محی الدین اورسب ڈویژنل ہیڈ محمد شاہد زرگرموجود تھے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کرفار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ تاہم اس بدعت کا مکمل طور نے عام لوگوں کی ACB سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔ سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن جاری بھی کیا ہے جس کا نمبر ہے 9419678060 ۔

بڈگام

غیر قانونی کان کنی اور معدنیات کی غیر مجاز نقل و حمل کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ ان باتوں کا اظہار ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع سطحی بین محکمہ جاتی ٹاسک فورس کی ایک میٹنگ کے دوران کیا ۔

ڈپٹی کمشنر نے معدنیات سے متعلق سرگرمیوں پر شفافیت، جوابدہی اور موثر کنٹرول کو یقینی بنانے کے لیے بین ضلعی کوآرڈینیشن اور قانونی دفعات پر سختی سے عمل پیرا ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔

کولگام

ضلع انتظامیہ کولگام نے ضلع میں یووا مشن کو زمینی سطح پر مضبوط بنانے کی غرض کیلئے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا۔پروگرام کی صدارت ایڈیشنل YUVA Doots سے ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کولگام الطاف احمد خان نے کی ۔ پروگرام میں دیگر کئی محکموں کے عہداروں نے بھی شرکت کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****